MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# تربیت عازمین حج برائے سال 2026
## (پہلا مرحلہ)





## وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی
## حکومت پاکستان

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# تلاوت قرآن مجید (سورہ الحج)



وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ لَّا
تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَ
الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ رِجَالًا
وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوْا
مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ أَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ
عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْأَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا
وَأَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ
وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٢٩﴾

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# آیات کا ترجمہ

26 اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے ابراہیم کے لیے خانہ کعبہ کی جگہ مقرر کردی (اور حکم دیا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کر اور میرا یہ گھر ان لوگوں کے لیے پاک رکھ جو طواف کرنے والے ہوں، عبادت میں سرگرم رہنے والے ہوں، رکوع و سجود میں جھکنے والے ہوں۔

27 اور (حکم دیا تھا کہ) لوگوں میں حج کی منادی کر دو، لوگ تیرے پاس دنیا کی تمام دور دراز راہوں سے آیا کریں گے یا پیادہ اور ہر طرح کی سواریوں پر جو (مشقت سفر سے) تھکی ہوئی ہوں گی۔


28 وہ اس لیے آئیں گے کہ اپنے فائدہ پانے کی جگہ میں حاضر ہو جائیں اور ہم نے جو پالتو چارپائے ان کے لیے مہیا کر دیے ہیں ان کی قربانی کرتے ہوئے مقررہ دنوں میں اللہ کا نام لیں، پس قربانی کا گوشت خود بھی کھاؤ اور بھوکے فقیر کو بھی کھلاؤ۔

29 پھر قربانی کے بعد وہ اپنا میل کچیل دور کریں (یعنی احرام اتار دیں) نیز اپنی نذریں پوری کریں اور اللہ کے قدیم گھر کا طواف کریں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# نعت رسول مقبول / حمد باری تعالیٰ

کعبے کی رونق کعبے کا منظر اللہ اکبر اللہ اکبر



جہاں روضہ پاکِ خیر الوریٰ ہے



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پریزنٹیشن کی ترتیب





- سفرِ حج
- پاک حج ایپ
- سعودی ویزہ بائیو ایپ
- حاجی کیمپوں میں دستیاب سہولیات
- حجاز مقدس میں وزارت کے اقدامات



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پریزنٹیشن کی ترتیب

- حجاز مقدس میں طبی سہولیات کی فراہمی
- ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر
- خواتین سے متعلقہ ضروری امور پر رہنمائی
- مناسکِ عمرہ وحج
- سوال وجواب

# حج (۱۴۴۷ھ) 2026ء کے اقدامات



- عازمین حج کو ٹرالی بیگ (25 کلو)، دستی بیگ (7 کلو)
- اور منیٰ بیگ کی فراہمی
- خواتین کیلئے سکارف کی فراہمی











MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (۱۴۴۷ھ) 2026ء کے اقدامات








- سعودی عرب میں استعمال کے لئے بلا معاوضہ سعودی سم مہیا کی جائے گی جس میں موبائل ڈیٹا اور فری منٹس کی سہولت میسر ہو گی


حج روانگی سے قبل ضروری امور

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفر حج



- حج اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے
- ثواب کے ساتھ ساتھ یہ ایک نہایت ہی مشقت طلب اور طویل عبادت ہے
- وزارت ہذا حجاج کرام کی سہولت کے لیے ہر طرح کوشاں ہے

# سفرِ حج



- وزارت موسم کی شدت اور حجاج کی کثیر تعداد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے عازمین حج کے لئے بہترین انتظامات کا بندوبست کرتی ہے

- نظم و ضبط کا مظاہرہ کرنے کی بدولت متوقع مشکلات سے بچا جا سکتا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# روانگی سے قبل ضروری امور



- روزانہ ہلکی پھلکی ورزش (2سے 3 کلومیٹر پیدل چلنا)کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# روانگی سے قبل ضروری امور




- کموڈ کا درست استعمال سیکھنا
- لفٹس، ایسکلیٹرز (متحرک سیڑھیاں)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# موبائل فون اور ایپس کا استعمال






- سمارٹ فون کا استعمال لازمی سیکھیں
- وزارت کی ویب سائٹ اور پاک حج ایپ کا روزمرہ استعمال
- حج معلومات کیلئے پاک حج ایپ نہایت ضروری ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاک حج ایپ 2026









MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN


# پاک حج موبائل ایپ کے مقاصد






- ❑ حجاج کی ذاتی و گروپ کی معلومات
- ❑ حج تربیت، ویکسی نیشن،روانگی و آمد کی فلائٹ اور مکتب کی معلومات
- ❑ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش
- ❑ گمشدگی کی صورت میں رہنمائی
- ❑ شکایات کا اندراج وازالہ کی رہنمائی
- ❑ حج کتابچہ (رہنمائے حج)،تربیتی پریزینٹیشن اور ویڈیوز کی دستیابی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN




# ایپ لاگ ان سکرین



- ❑ شناختی کارڈ نمبر
- ❑ حج درخواست نمبر درج کریں
- ❑ لاگ ان کا بٹن دبائیں
- ❑ پرائیویٹ حجاج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ایپ کی مرکزی اسکرین

حاجی کا نام

ایپ سے باہر نکلنے کا بٹن

زبان کا انتخاب کریں

شیڈول

کیو آر کوڈ

ہیلپ لائن

عمومی سوالات


حاجی کی معلومات

تجاویز

شکایات و معلومات

تربیتی مواد اور شیڈول

حاجی کیمپ کی تفصیلات






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بائیو میٹرک برائے حج ویزہ



- سعودی ویزا بائیو ایپ (Saudi Visa Bio) سے بائیو میٹرک کروانا
https://play.google.com/store/apps/details?id=sa.gov.mofa.saudivisabio&hl=en&gl=US
- پاسپورٹ کی میعاد کم از کم چھ ماہ تک (26 نومبر 2026) ہو

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بائیو میٹرک ایپ کو انسٹال کرنے کا طریقہ



**Google Play Store**
**Android Mobile**

**For App Store**
**Apple Mobile**

- سب سے پہلے گوگل پلے یا ایپ سٹور سے Saudi Visa Bio App انسٹال کریں
- آپ QR CODE کو سکین کر کے بھی ایپ انسٹال کر سکتے ہیں

# ایپ کو سیٹ اپ کرنے کا طریقہ






- انسٹال کرنے کے بعد سعودی ویزا بائیو ایپ کھولیں اور دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں
- اپنا ای میل درج کریں اور ای میل پر آنے والے میسج کی تصدیق کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ویزا کی قسم منتخب کریں







- حج کو انتخاب کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ






- ❑ پاسپورٹ سکیننگ سے پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں
- ❑ اور اس بٹن پر کلک کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ



- اپنے فون کے بیک کیمرہ کا استعمال کرتے ہوئے اپنے پاسپورٹ کے فرنٹ پیج کو اسکین کریں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ پاسپورٹ پر کوئی چمک یا سایہ نہ ہو
- پاسپورٹ کو سیدھا اور مستحکم رکھیں
- اچھی روشنی والی جگہ پر تصویر لیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ






- اپنے پاسپورٹ کو سکین کرنے کے بعد، اپنے ڈیٹا کی تصدیق کریں
- احتیاط سے چیک کریں کہ آپ کا پاسپورٹ نمبر، قومیت، تاریخ پیدائش اور نام وغیرہ درست ہیں

# سفارت خانے کے انتخاب کا طریقہ




- سفارت خانے کو منتخب کرنے کے لیے یہاں کلک کریں
- درخواست دہندگان ویزا جاری کی جگہ سفارت خانے والی آپشن میں **پاکستان / اسلام آباد** کا انتخاب کریں گے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفارت خانے کے انتخاب کا طریقہ




- ❑ اگر آپ نے پہلے سعودی ویزا نہیں لیا ہے تو یہاں "نہیں" کو منتخب کریں
- ❑ پھر جاری رکھنے کے لیے یہاں کلک کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# چہرے کی سکیننگ کرنے کا طریقہ






- اپنے فون کا فرنٹ کیمرہ سے اپنے چہرے کی تصویر لیں
- یقینی بنائیں کہ آپ کا پورا چہرہ نظر آرہا ہو
- عینک یا چہرے پر آنے والے بال ہٹائیں
- اچھی روشنی والی جگہ پر تصویر لیں



# فنگرپرنٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ

- اپنے فون کا بیک کیمرہ استعمال کرتے ہوئے اپنی انگلیوں کو پورا دکھائیں تاکہ آپ کی انگلیوں کے نشانات کو سکین کر سکیں



- **انگلیوں کو سکین کرنے کا صحیح طریقہ**
  - یقینی بنائیں کہ بیک گراؤنڈ سیاہ، سادہ اور خالی ہے
  - اپنے ہاتھ یا انگلی کو کیمرے کے سامنے رکھیں
  - تصویر بنانے کے پورے عمل کے دوران اپنا ہاتھ ساکت رکھنے کی کوشش کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# معذوری کی صورت میں بائیو میٹرک کرنے کا طریقہ






- اگر آپ کسی معذوری کی وجہ سے بائیو میٹرک کرنے سے مستثنیٰ ہیں تو آپ کو میڈیکل سرٹیفکیٹ (انگریزی یا عربی) اپلوڈ کرنا ہوگا
- تمام مراحل مکمل ہونے کے بعد آپ کو بائیو میٹرک کی تصدیقی ای میل موصول ہوگی
- تمام عازمین حج بائیو میٹرک کی اس رسید کو اپنے پاس محفوظ کرلیں

# سفر حج کی تیاری



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# لازمی سفری دستاویزات






- اصلی پاسپورٹ
- نادرا کا جاری کردہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ
- پاسپورٹ اور ویزے کی کاپی (4عدد)
- 4عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (سفید بیک گراؤنڈ)
- ہوائی ٹکٹ بمعہ بورڈنگ کارڈ اور ویزہ
- گردن توڑ بخار، فلو اور پولیو کارڈ
- محکمانہ این او سی (اگر سرکاری ملازم ہو)
- سفری کوائف نامہ (4عدد)

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ضروری سامان برائے سفر حج



- روزمرہ استعمال کے کپڑے (شلوار قمیض)
- دو عدد احرام و عبایا
- ہوا والا تکیہ
- حج و عمرے کا جوتا، سفری جائے نماز
- بغیر خوشبو والا صابن
- پانی کی سپرے بوتل
- حسب ضرورت سعودی ریال (کھجوروں، شاپنگ کے لئے)
- سمارٹ فون














MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممنوعہ سامان برائے سفرِ حجاز



- سعودی عرب میں ہر قسم کی منشیات یعنی چرس، افیون، ہیروئین وغیرہ لے جانے والے کو سزائے موت دی جاتی ہے
- عازمینِ حج احتیاط کریں کسی کا دیا ہوا پیکٹ یا سامان اپنے ساتھ ہرگز نہ لے کر جائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممنوعہ سامان برائے سفرِ حجاز





- سگریٹ، بیڑی، نسوار، گٹکا، پان، خواب آور ادویات اور حکیمی و یونانی ادویات (معجون، سفوف اور پھکی وغیرہ) لے کر جانا منع ہے






- روزمرہ استعمال (بلڈ پریشر، شوگر، امراض قلب وغیرہ) کی ادویات سیل پیک کروائے بغیر نہ لے کر جائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حاجی کیمپوں میں مہیا کی جانے والی سہولیات



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حاجی کیمپ میں سہولیات



- ویکسین اور ادویات کی پیکنگ (Seal)
- ٹرالی بیگ، دستی بیگ سکارف کی فراہمی









MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حاجی کیمپ میں سہولیات





Pakistan International Airlines
http://www.piac.com.pk
111-786-786

PIA
Great People to fly With

RESERVATION DETAILS

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Booking Reference (PNR) | GYWGHA | | | |
| Passenger(s) | 1. MR. FAISAL NADEEM<br>2. MS. MARIAM ASHIQ | | | |
| Itinerary | Flight | PK-652 | Travel Date | January 20 |
| | Leaves | Multan Int'l Airport, Multan | Time | 12:50 PM |
| | Arrives | Benazir Bhutto Int'l Airport, Islamabad | Time | 4:20 PM |
| | Status | Confirmed | Cabin Class | Economy |
| | Preallocations | 8C 8D | | |




- پاسپورٹ، ویزا اور ہوائی ٹکٹ کی فراہمی
- سعودی ریال حاصل کرنے کیلئے بینکوں کے کاونٹرز کا قیام

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حاجی کیمپ میں سہولیات



- سامان حج کی خریداری کیلئے اسٹالز کا قیام

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاکستان سے روانگی






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# حجاز مقدس جانے والی پروازوں کی ترتیب

## فلائیٹس کی تفصیل

یکم سے 15 ذوالقعدہ
17 اپریل 2026
(مدینہ منورہ)

15 ذوالقعدہ سے 3 ذوالحج تک
02 مئی 2026
(جدہ)

# ائیرپورٹ کے لئے ہدایات






- ہوائی ٹکٹ پر درج وقت کو اچھی طرح پڑھ لیں کیونکہ فضائی ٹکٹ میں وقت کا اندراج 24 گھنٹے فارمیٹ کے مطابق ہوتا ہے
- پرواز کی روانگی سے 4 تا 6 گھنٹے پہلے ایئرپورٹ لازمی پہنچیں
- ایئرپورٹ پہنچنے سے پہلے سامان پر سفری کوائف نامہ لازمی لگائیں
- اے۔این۔ایف سے چیکنگ کے بعد کلیئرنس کا سٹیکر لگوائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سامان بکنگ / امیگریشن۔ ہدایات







- بکنگ والے سامان / بیگ کو پلاسٹک ریپنگ کروائیں
- لائن میں لگ کر پاسپورٹ و ٹکٹ دکھاکر بورڈنگ کارڈ حاصل کریں
- اپنے پاسپورٹ پر امیگریشن کاؤنٹر سے تصویر کھنچواکر مہر لگوائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سامان بکنگ / امیگریشن۔ ہدایات



- دستی سامان کے علاوہ بڑا بیگ بورڈنگ کرواتے وقت جمع کروادیں
- مدینہ جانے والے حجاج احرام نہ باندھیں البتہ جدہ جانے والے حجاج احرام ائیرپورٹ پر ہی باندھ لیں کیونکہ ان کا میقات دورانِ پرواز آئے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# روٹ مکہ پراجیکٹ





- روٹ مکہ پراجیکٹ کی سہولت اسلام آباد اور کراچی ائیرپورٹس پر ہے تاہم وزارت لاہور ائیر پورٹ پر اس سہولت کے لئے کوشاں ہے
- اس اسکیم کے تحت سفر کرنے والے حجاج کی دونوں امیگریشن پاکستان میں ہی ہوں گی اور وہ سعودی ائرپورٹ پر جہاز سے اتر کر سیدھے بسوں میں سوار ہوں گے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ویٹنگ لاؤنج-ہدایات



- امیگریشن کے بعد متعلقہ گیٹ نمبر کے پاس ویٹنگ لاؤنج میں اطمینان سے انتظار کریں
- سفری کاغذات یعنی پاسپورٹ، بورڈنگ پاس، ٹکٹ، ٹیکے کا سرٹیفکیٹ سنبھال کر دستی بیگ میں رکھ لیں۔ان میں سے کوئی بھی چیز ائیرپورٹ پر چھوڑ گئے تو سعودی ائیرپورٹ پر بہت پریشانی ہو گی






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران پرواز کی ہدایات




- ہدایات ملنے پر جہاز میں سوار ہوں
- کموڈ میں کپڑا، پتھر نہ ڈالیں اور گندگی نہ پھیلائیں
- پاکستان سے جدہ / مدینہ کا سفر پانچ گھنٹے تک ہوگا
- پرواز کے دوران تلبیہ پڑھتے رہیں اور مناسکِ حج کا مطالعہ کرتے رہیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد



- امیگریشن ہال میں آنا اور پولیو کے قطرے پینا
- سامان وصولی کے بعد اسٹاف کے حوالے کرنا
- خدام الحجاج عازمین حج کو بسوں میں سوار کرائیں گے اور مکتب کے نمائندے حجاج سے پاسپورٹ لے لیں گے
- بس میں حاجی کیمپ سے ملنے والے گلے والے کارڈ کی اسکیننگ ہو گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد




- سامان رہائش گاہ پر پہنچادیا جائے گا
- روٹ مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج امیگریشن کے مراحل سے گزرے بغیر براہ راست بسوں میں سوار ہوں گے
- رہائش گاہ پر خدام الحجاج رہنمائی کیلئے موجود ہونگے اور حجاج کو کمروں کی چابیاں مہیا کریں گے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ہوٹل آمد



- سامان وصولی کے بعد مختص کردہ کمرے میں تشریف لے جائیں
- کچھ دیر آرام کے بعد خدام الحجاج کی رہنمائی سے مسجد نبوی سلام کے لئے حاضری دیں
- طویل دورانیہ والے حجاج مدینہ میں آٹھ دن جبکہ مختصر دورانیہ والے تین دن قیام کریں گے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں مدنظر رکھنے والے امور



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں مد نظر رکھنے والے امور



- بعض اوقات کچھ حجاج کا سامان اپنی متعلقہ رہائش گاہ پر نہیں پہنچ پاتا ایسی صورت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں
- شکایت کا اندراج کروائیں اور انتظار کریں
- متعلقہ عملہ جلد از جلد آپ کا سامان آپ تک پہنچائے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں مد نظر رکھنے والے امور





- کھانے کے اوقات کو مدِ نظر رکھیں
- رش کی صورت میں نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں

# مدینہ منورہ سے مکہ روانگی





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ سے مکہ روانگی



- مکہ روانگی شیڈول کے مطابق ہو گی جس کی لسٹ آپ کی بلڈنگ میں آویزاں کر دی جائے گی
- بیگ کی پہچان کے لئے سفری کوائف نامہ ضرور لگائیں
- شیڈول کی پابندی کریں تا کہ بسوں کی روانگی میں تاخیر نہ ہو

# مدینہ منورہ سے مکہ روانگی





- مسجد ذوالحلیفہ (ابیارِ علی) میں عمرہ کی نیت اور نوافل کی ادائیگی کے لئے رکنا
- اترتے وقت بس کا نمبر اور محلِ وقوع ضرور نوٹ کریں
- سفر کا دورانیہ 8 سے 10 گھنٹے ہوتا ہے لہٰذا صبر کا مظاہرہ کریں
- حرمین ٹرین میں سفر کی صورت میں احرام مدینہ منورہ روانگی سے قبل پہن لیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد



- جہاز سے اتر کر بسوں میں سوار ہونا
- ائیر پورٹ پر بسوں سے اتر کر ٹرمینل میں داخل ہوتے ہوئے پولیو کے قطرے پینا

# جدہ ائیرپورٹ آمد







- ائیر پورٹ پر چھوٹے ہال میں انتظار کے بعد بڑے امیگریشن ہال میں جانا
- فرش پر لگی سرخ لائن کے پیچھے قطار بنانا
- باری آنے پر امیگریشن کروانا یعنی فنگر پرنٹس، تصویر اور دخول کی مہر لگوانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد



- کسٹم ہال میں اپنے سامان کی (سفری کوائف نامہ ) دیکھ کرشناخت کریں
- کسٹم والے تمام سامان کو سکینر مشینوں سے گزاریں گے
- سامان میں ممنوعہ اشیاء کی موجودگی کے شبہ کی صورت میں سامان کھولا جاسکتاہے
- سکیننگ کے بعد آپ کابڑابیگ جمع کرلیاجائے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ سے مکہ مکرمہ روانگی




- دستی سامان اپنی نگرانی میں بس میں رکھوائیں
- خدام الحجاج کی مدد اور ہنمائی سے بسوں میں بیٹھیں
- ائیرپورٹ سے مکتب کا نمائندہ پاسپورٹ جمع کر لے گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ سے مکہ مکرمہ روانگی



- ہوائی جہاز کے واپسی کا ٹکٹ، ویزے کی کاپی اور بورڈنگ کارڈ اپنے پاس محفوظ کرلیں اور پاسپورٹ کے ساتھ جمع نہ کرائیں



- تقریباً ایک گھنٹہ سفر کرنے کے بعد بس پہلی چیک پوسٹ پر رکے گی یہاں سے کچھ فاصلے کے بعد حرم کی حدود شروع ہو جاتی ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ آمد



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ آمد





- بسیں آپ کو مکہ مکرمہ میں آپکی رہائش گاہ پر لے جائیں گی
- مکتب کا عملہ آپ کو شناختی بریسلیٹ مہیا کرے گا
- رہائش گاہ آمد پر خدام الحجاج رہنمائی کیلئے موجود ہونگے
- نظم و ضبط اور صبر کے ساتھ کمروں کی چابیاں وصول کریں
- آرام کے بعد گروپ کی شکل میں عمرہ کیلئے روانہ ہوں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور



# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور




- ایک بس میں زیادہ مکاتب کے حجاج ہونے کی صورت میں وقت لگ سکتا ہے لہذا تحمل کی درخواست ہے
- بعض اوقات حجاج کرام غلطی سے کسی اور حاجی کا سامان اپنے کمرے میں لے جاتے ہیں ایسی صورت میں بھی آپ بلڈنگ میں موجود ہمارے عملے سے رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور






- مدینہ منورہ میں حجاج کی رہائش ہوٹلز جبکہ مکہ مکرمہ میں بلڈنگز میں ہوتی ہے اسی وجہ سے رہائش کے معیار میں نمایاں فرق ہوتا ہے
- یہ فرق حقیقت پر مبنی ہے اور انتظامیہ کے اختیار سے باہر ہوتا ہے
- حجاج کرام سے گزارش ہے کہ اس معاملے میں تحمل اور تعاون کا مظاہرہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور






- وزارتِ مذہبی امور مکہ مکرمہ میں حجاج کے لیے سعودی منظور شدہ تقریباً 250 عمارات کا انتظام کرے گی
- مختلف عمارات میں معیار کا کچھ نہ کچھ فرق ہونا ایک قدرتی بات ہے
- حجاج کرام سے گزارش ہے کہ اپنی مختص کردہ عمارت میں صبر و تحمل کے ساتھ قیام کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مد نظر رکھنے والے امور



- مکہ مکرمہ کی عمارات میں پاکستانی حجاج کو مرد اور خواتین کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ کمروں میں رہائش دی جاتی ہے

- دستیابی کی صورت میں وزارت فیملی رومز (چار سے چھ حجاج) کی سہولت مکہ مکرمہ میں فراہم کرے گی

# مکہ مکرمہ میں مد نظر رکھنے والے امور




- تمام عازمین کو پاکستان میں ہی کمپیوٹرائزد طریقے سے کمروں کی الاٹمنٹ کر دی جاتی ہے۔لہذا انتظامیہ سے تعاون کریں کیونکہ وہ اس سلسلے میں آپ کی کوئی مدد نہیں کر سکتے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور





- مکہ مکرمہ میں حجاج کی رہائشی عمارتیں سارا سال بند رہتی ہیں لہذا کسی شکایت کی صورت میں عملے سے رابطہ کریں
- بلڈنگ کا نمبر اور محل وقوع وغیرہ نوٹ کرلیں کیونکہ عمرہ سے واپسی پر عموما حجاج واپسی کا راستہ بھول جاتے ہیں
- رش کے باعث لفٹوں میں انتظار کرنا پڑ سکتا ہے لہذا نماز کے لئے وقت سے پہلے نکلیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ مکرمہ میں مدنظر رکھنے والے امور



سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کے
کچن کے مناظر

- کھانا ملنے کے مخصوص اوقات ہوتے ہیں لہذا کھانے کی عدم دستیابی سے بچنے کے لئے وقت کی پابندی کریں
- مختلف ذائقوں کے مطابق کھانا مہیا کرنا ممکن نہیں لہذا حجاج تعاون کریں
- روٹی پاکستان سے مختلف ہوتی ہے اور اکثر گرم روٹی ملنا ممکن نہیں ہوتا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام






- مکہ میں عمارتوں کو مختلف سیکٹرز میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر سیکٹر کی بس الگ ہوتی ہے
- سیکٹر کے بس سٹاپ سے 24 گھنٹے حرم کیلئے بسیں بلا معاوضہ دستیاب ہونگی
- بس کے سامنے سیکٹر اور بلڈنگ نمبر درج ہوتا ہے
- بسیں حرم کے قریب کچھ فاصلے پر بس اسٹاپ پر اتاریں گی اور سعودی حکومت کی ٹرانسپورٹ سروس "ساپٹکو" (SAPTCO) حرم تک پہنچائے گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام



- شٹل ٹرانسپورٹ میں عشاء، فجر اور جمعہ کی نمازوں کے بعد بہت رش ہوتا ہے لہذا بزرگ اور فیملی والے حجاج کچھ دیر انتظار کے بعد حرم سے نکلیں
- راستہ بھولنے کی صورت میں پاکستانی خدام الحجاج / حرم گائیڈ یا پاک حج ایپ کا استعمال کریں
- 5 ذوالحجہ سے 14 ذوالحجہ تک سعودی حکومت تمام ممالک کی مہیا کردہ ٹرانسپورٹ بند کر دیتی ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# حجاز مقدس میں وزارت کے اقدامات



# حجاز مقدس میں وزارت کے اقدامات






- سعودی ایئر پورٹس پر وزارت کے عارضی دفاتر کا قیام اور عملے کی تعیناتی
- عازمین حج کی رہائش گاہوں تک روانگی کیلئے بسوں میں سوار ہونے کی رہنمائی
- وزارت کے عملے کی زیرِ نگرانی عازمین حج کے سامان کی بذریعہ ٹرک انکی رہائش گاہوں تک ترسیل
- حجاج کی ہمہ وقت رہنمائی کیلئے وزارت کے عملے کی رہائش گاہوں پر تعیناتی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ / مکہ میں وزارت کے دفاتر کا قیام







- دفاتر (ایم سی او) میں حجاج کی سہولت کیلئے مندرجہ ذیل شعبہ جات قائم کیے جاتے ہیں:

- شکایات کے اندراج اور ازالے کیلئے "کمپلینٹ سیل"

- گمشدگی و بازیابی کیلئے "لاسٹ اینڈ فاؤنڈ سیل"

- مکہ / مدینہ روانگی و آمد کے شیڈول اور معلومات کیلئے "مکہ مدینہ ڈیپارچر سیل"

# مدینہ / مکہ میں وزارت کے دفاتر کا قیام







- مکہ مکرمہ میں بیمار و معذور حجاج کی سہولت کیلئے محدود تعداد میں ویل چیئر کی فراہمی کیلئے "ویل چیئر ڈیسک"
- مکہ مکرمہ میں حجاج کی سہولت کیلئے "ٹرانسپورٹ سیل"
- طبی سہولیات کیلئے ہسپتال و ڈسپنسریوں کا قیام
- حجاج کی راہنمائی کیلئے حرمین شریفین کے دروازوں و اطراف پر <u>وزارت کے عملے کی تعیناتی</u>

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN


# حجاز مقدس میں طبی سہولیات کی تفصیلات



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حجاز مقدس میں طبی سہولیات کی تفصیلات



- مکہ / مدینہ میں مرکزی ہسپتال کا قیام جس میں مندرجہ ذیل شعبہ جات میں ماہر ڈاکٹرز اور عملہ ہمہ وقت حجاج کی خدمت میں مصروف عمل ہونگے:

- ایمرجنسی وارڈ
- مردانہ وزنانہ وارڈز

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حجاز مقدس میں طبی سہولیات کی تفصیلات






- اوپی ڈی
- ڈینٹل یونٹ اور لیبارٹری وایکسرے
- ایمبولنس سروس
- فارمیسی

# حجاز مقدس میں طبی سہولیات کی تفصیلات



- ہر سیکٹر میں ابتدائی طبی امداد کی فراہمی کیلئے ڈسپنسریوں کی سہولت
- انتہائی بیماری کی صورت میں سعودی ہسپتالوں میں مریض ریفر کرنے کی سہولت

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمر جنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر

- حج کے دوران کسی بھی قسم کی ایمر جنسی پیش آسکتی ہے مثال کے طور پر
  - آگ بھڑک اٹھنا
  - بھگدڑ مچ جانا
  - کمرے یا خیمہ میں دھواں بھر جانا





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر

- شارٹ سرکٹ
- قدرتی آفت
- ہیٹ سٹروک





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر





- ایمرجنسی کی صورت میں سب سے پہلا عمل خود کو اور دوسروں کو محفوظ بنائیں
- پر سکون رہیں اور حواس پر قابو رکھیں
- رہائش میں منتقل ہونے کے بعد رہائش کے ایمرجنسی راستوں سے آگاہی حاصل کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمر جنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر





- بجلی کے آلات استعمال کرتے وقت خصوصی احتیاط کریں تاکہ آپ اور دوسرے لوگ محفوظ رہ سکیں
- بھگدڑ کی صورت میں خواتین اور بزرگوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے مرد حضرات ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر دیوار کی مانند کھڑے ہو جائیں تاکہ ممکنہ دھکم پیل سے بچا جاسکے
- ایمر جنسی کی صورت میں افضل ہے کہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل کا ورد کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمر جنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر


چونکہ حج کے ایام سخت گرمی کے دنوں میں ہیں لہذا ہیٹ سٹروک سے بچنے کیلئے جس حد تک ممکن ہو اپنے خیموں میں قیام کریں، ORS کا استعمال کریں، اسپرے بوتل اور چھتری اپنے ہمراہ لازمی رکھیں





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر



- اگر کوئی حاجی ہیٹ سٹروک کا شکار ہو جائے تو
- زمین پر لٹا دیں
- جسم پر ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کریں
- کسی چیز سے ہوا دیں
- فوری طبی امداد کے لئے 937 پر کال کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دوران حج ایمرجنسی کی صورت میں احتیاطی تدابیر






- حج کے دوران کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کی صورت میں متعلقہ ناظم یا ہمارے عملے سے رابطہ کریں اس کے علاوہ نیچے دیے گئے نمبروں پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# خواتین سے متعلقہ ضروری امور پر رہنمائی



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# خواتین سے متعلقہ ضروری امور پر رہنمائی



- خواتین سے متعلقہ ضروری امور کی پاک حج ایپ میں دستیابی
- اگر مزید رہنمائی درکار ہو تو پاک حج ایپ کے ذریعے وزارت سے رابطہ کیا جا سکتا ہے










MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی عمرہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام باندھنے سے قبل ضروری امور







- ناخن تراشنا اور غیر ضروری بال صاف کرنا
- غسل یا وضو
- خوشبو لگانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام کی چادریں باندھنا




- احرام (مرد حضرات کے لئے دو سفید چادریں) باندھنا
- نوافل

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عورت کا احرام







- عورتوں کے احرام کے لئے کوئی خاص لباس نہیں، بس غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر عام لباس پہن لیں
- جہاں تک ممکن ہو پردہ ضروری ہے۔ سر پر کوئی چھجا سا لگایا جائے اور اس کے اوپر سے کپڑا (نقاب) اس طرح ڈالا جائے کہ پردہ ہو جائے مگر کپڑا چہرہ کو نہ لگے


# عورت کا احرام




- حج کے طویل اور پر ہجوم سفر میں عورت کے لیے پردہ کی پابندی بڑی مشکل ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو پردہ کا اہتمام کیا جائے
- کسی بھی قسم کا جوتا پہن سکتی ہیں۔ تاہم اونچی ایڑھی والا جوتا نہ ہو بلکہ پیدل چلنے میں آرام دہ ہونا چاہیے۔



# احرام



- نیت (ارادہ/نیت، آسان، قبول)
- تلبیہ پڑھنا
- دعا کرنا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام کی پابندیاں (ممنوعات)



- مرد کا ٹوپی یا کپڑے سے سر یا چہرہ ڈھانپنا
- وگ وغیرہ پہننا نیکر انڈرویئر پہننا
- ناخن یا بال کاٹنا۔ بنیان پہننا
- دستانے اور موزے پہننا
- مہندی، کلر اور خوشبو لگانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام کی پابندیاں (ممنوعات)





- مرد کے لئے سلا ہوا کپڑا پہننا اور ایسی چپل پہننا جس سے پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈیاں چھپ جائیں
- خشکی کے جانور کا شکار یا شکار میں معاونت کرنا
- میاں بیوی کی مخصوص باتیں وغیرہ کرنا
- جھگڑا اور فحش گوئی کرنا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# یہ چیزیں ممنوعاتِ احرام میں سے نہیں ہیں





















MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے فرائض وواجبات



## عمرہ کے فرائض

- احرام / نیت / تلبیہ
- طواف کعبہ

## عمرہ کے واجبات

- سعی
- حلق / قصر (بال منڈوانا / کٹوانا)

# عمرہ کے مراحل

- حرم میں داخل ہو کر مطاف کی طرف جائیں۔
- مطاف میں داخل ہونے کے بعد حجرِ اسود یا اس کی سیدھ میں لگی ہوئی سبز لائٹ سے اپنا طواف شروع کریں۔





# عمرہ کے مراحل



- طواف کے دوران مرد حضرات اپنا دایاں کندھا ننگا رکھیں اس کو اضطباع کہتے ہیں۔
- اضطباع صرف مردوں کے لئے ہے جو طواف کے ساتوں چکر میں رہے گا۔
- طواف کے پہلے تین چکر کے دوران مرد حضرات رمل کریں۔

# عمرہ کے مراحل





- ہر چکر پورا ہونے پر حجرہ اسود کی سیدھ میں پہنچنے پر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر حجرِ اسود کی طرف کرتے ہوئے استلام کریں
- طواف کے سات چکر پورے ہونے کے بعد دو نفل ادا کریں اور آبِ زَم زَم پیئیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل






- اس کے بعد سعی کی نیت سے صفاء و مروہ جائیں
- سعی کا آغاز صفاء سے کرتے ہوئے سات چکر مروہ پر پورے کریں
- سعی کے دوران سبز لائٹوں کے نیچے مرد حضرات دوڑتے ہوئے گزریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل





- سعی مکمل ہونے کے بعد مرد حضرات حلق / قصر کروائیں
- خواتین تقریبا انگلی کے ایک پور یا انچ یا اس سے کچھ زیادہ بال کٹوائیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ادائیگی حج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کا خلاصہ



| | |
|---|---|
| حج کی اقسام | تین |
| حج کے فرائض | تین |
| حج کے مقامات | چار |
| حج کے ایام | پانچ |
| حج کے واجبات | چھ |

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کی اقسام



1 — حجِ تمتع — عمرہ، حج

2 — حجِ قران — عمرہ، حج

3 — حجِ افراد — حج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# حج کے فرائض

1. احرام / نیت / تلبیہ
2. وقوفِ عرفہ
3. طوافِ زیارت

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# حج کے مقامات

1. منیٰ
2. عرفات
3. مزدلفہ
4. حرم

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے ایام



| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| 8ذوالحجہ | 9ذوالحجہ | 10ذوالحجہ | 11ذوالحجہ | 12ذوالحجہ |

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# حج کے واجبات

1. وقوفِ مزدلفہ
2. رمی جمرات
3. قربانی کرنا
4. حلق / قصر
5. سعی (طواف زیارت کے بعد)
6. طواف وداع

# منیٰ روانگی کی تیاری



- منیٰ بیگ جس میں مندرجہ ذیل ضروری سامان رکھیں جو حج کے ایام میں آپ کے کام آئے گا:۔

- احرام کی چادر
- کپڑوں کا جوڑا
- چپل / سینڈل
- خشک میوہ جات

- پانی کی بوتل
- چھتری
- بغیر خوشبو والا صابن
- مسواک

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ روانگی کی تیاری






قیام گاہ ← 8 ذی الحجہ ← منیٰ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFF
GOVERNMENT OF PA

# حج کا دوسرا دن۔ عرفات روانگی



منیٰ

**9ذی الحجہ**



عرفات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کا دوسرا دن۔ مزدلفہ روانگی



9 اور 10 ذی الحجہ کی
درمیانی رات



مزدلفہ

عرفات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کا تیسرا دن۔جمرات روانگی



جمرات

10 ذی الحجہ



مزدلفہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کا تیسرا، چوتھا اور پانچواں دن۔ طواف زیارہ



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# طوافِ زیارۃ

- طوافِ زیارہ کا وقت 10 ذی الحجہ کو رمی سے فارغ ہونے سے لیکر 12 ذوالحجہ کے غروبِ آفتاب تک رہتا ہے

مکہ



منیٰ

10 -12 ذی الحجہ



مکہ مکرمہ



جمرات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کا چوتھا اور پانچواں دن۔ رمی جمرات

11 اور 12 ذی الحجہ کو تینوں شیطانوں کی رمی کرنا



چھوٹا جمرہ

درمیانہ جمرہ

بڑا جمرہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ سے واپسی 12۔ذوالحج کی غروب آفتاب سے پہلے



منیٰ




قیام گاہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ سے واپسی





Walking tunnel to Mina

- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ چھوڑ دیں
- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ نہ چھوڑنے کی صورت میں رات منیٰ ہی میں قیام کرنا ضروری ہو گا
- 13 ذی الحجہ کو ایک بار پھر تینوں جمرات کی رمی کر کے رہائش گاہ واپس آئیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# اللہ تعالیٰ آپ کو حج مبرور عطاء فرمائے۔۔ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمِ



# طوافِ وداع

الحمد اللہ، حج کے مناسک وافعال ادا کرنے کے بعد آپ کا حج پایہ تکمیل تک پہنچ گیا



- مکہ معظمہ چھوڑنے سے پہلے ایک طواف کرلیں جس کو طوافِ وداع کہتے ہیں
- اس طواف میں نہ تو رمل ہو گا اور نہ ہی اس کے بعد صفا اور مروہ کی سعی ہو گی، البتہ طواف کے دو نفل ضروری ہیں

# سوال وجواب

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



# شکریہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج پر روانگی کے شہروں کے لحاظ سے متعلقہ حج افسر کے رابطہ نمبر، ای میل ایڈریس



**اسلام آباد**
adhcc4@mora.gov.pk
051-9207134

**لاہور، رحیم یار خان**
adhcc2@mora.gov.pk
051-9203910

**ملتان، کوئٹہ، فیصل آباد، سیالکوٹ**
adhcc3@mora.gov.pk
051-9201564

**کراچی، سکھر**
adhcc1@mora.gov.pk
051-9205827